
1

# حمد

4331CH01

اَے دو جہاں کے والی　　اَے گلشنوں کے مالی
ہر چیز سے ہے ظاہر　　حکمت تری نرالی
تیرے ہی فیض سے ہے　　سرسبز ڈالی ڈالی
پتّوں میں تیری رنگت　　پھولوں میں تیری لالی



© NCERT not to be republished

تو نے ہمیں بنایا   اور سوچنا سکھایا
ہر شے میں ہم نے دیکھا   تیرے کرم کا سایا
جس راستے میں ڈھونڈا   تیرا نشان پایا
خالق ہے تو خدایا   مالک ہے تو خدایا

سارا ہے کام تیرا
پیارا ہے نام تیرا

(حفیظ جالندھری)




© NCERT not to be republished

# مشق

## پڑھیے اور سمجھیے

| | |
|---|---|
| حمد | خدا کی تعریف، خدا کی تعریف میں کہی جانے والی نظم |
| جہاں | دنیا |
| والی | مالک |
| گلشن | باغ |
| حکمت | دانائی، عقل مندی، انداز |
| فیض | فائدہ، بھلائی |
| سرسبز | ہرا بھرا |
| شے | چیز |
| کرم | مہربانی |
| خالق | بنانے والا |



## سوچیے اور بتائیے

1. دونوں جہان کا والی کون ہے؟

............................................................

© NCERT not to be republished

2. خدا نے ہمیں کیا سکھایا ہے؟

..........................................

3. اس نظم میں خدا کے لیے کون کون سے الفاظ آئے ہیں؟

..........................................

4. کن کن چیزوں میں آپ نے خدا کی نشانی دیکھی یا محسوس کی ہے؟

..........................................

5. آپ اپنی زبان میں خدا کے لیے کون کون سے الفاظ استعمال کرتے ہیں؟

..........................................



## مصرعے مکمل کیجیے

ہر چیز سے ہے ظاہر ..........................

تیرے ہی فیض سے ہے ..........................

.......................... اور سوچنا سکھایا

جس راستے میں ڈھونڈا ..........................

.......................... پیارا ہے نام تیرا

© NCERT not to be republished

دیے ہوئے الفاظ کو الٹ کر مثال کے مطابق نیا لفظ بنائیے

**مثال :** سر = رس



نام = ..........

اے = ..........

ہر = ..........

مالک = ..........

دیے گئے الفاظ کے آخری حرف کو ہٹا کر نیا لفظ بنائیے اور بلند آواز سے پڑھیے

حکمت = حکم

رنگت = .............



سبز = .............

تیری = .............

پیارا = .............

© NCERT not to be republished

## بلند آواز سے پڑھیے اور خوش خط لکھیے

فَیض ......... ......... ......... ......... .........

خالق ......... ......... ......... ......... .........

نشان ......... ......... ......... ......... .........

پھولوں ......... ......... ......... ......... .........

گلشنوں ......... ......... ......... ......... .........

## ہم آواز لفظوں کے جوڑ ملائیے

| الف | ب |
|---|---|
| خدایا | ڈالی |
| لالی | پیارا |
| سارا | نام |
| کام | سکھایا |

© NCERT not to be republished



## دیے گئے لفظوں کے حروف مثال کے مطابق الگ الگ کر کے لکھیے

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مثال : | حکمت | = | ح | ک | م | ت | |
| | فیض | = | | | | | |
| | نشان | = | | | | | |
| | خالق | = | | | | | |
| | گلشنوں | = | | | | | |





## کیجیے

خدا نے ہمیں بے شمار نعمتیں عطا کی ہیں۔ ان میں سے چند نعمتوں کو لکھیے۔

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................

© NCERT not to be republished




### اساتذہ کے لیے ہدایات

- حمد کو مناسب لب و لہجہ اور آہنگ کے ساتھ سنایا جائے۔
- بچوں کو بلند آواز سے نظم پڑھنے کا موقع دیں۔



## رنگ بھریے



© NCERT not to be republished

### لطیفہ / چٹکلہ

باپ (بیٹے سے): بیٹا! تم نے نانا کے خط کا جواب کیوں نہیں دیا؟

بیٹا: ابّو! آپ نے ہی تو کہا تھا کہ بڑوں کو جواب نہیں دیا کرتے۔